ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | منگل 29 جولائی 2025ء، 03 صفر 1447ھ، 14 ساون 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 96

سرینگر بھاٹی فوج کا گجر قبیلے پر وحشیانہ تشدد، بے دخل کرنے کی دھمکیاں، علاقے میں کشیدگی

راجوری کے محمد لیاقت، محمد اعظم، شوکت احمد اور عبدالقادر کو 50 راشٹریہ رائفلز کے اہلکاروں نے سرینگر کے قریب پہاڑی علاقے ڈھگون میں ایک نئے قائم کردہ فوجی کیمپ میں شدید تشدد کا نشانہ بنایا

بھارتی فوج نے مبینہ طور پر جموں و کشمیر میں ریاستی دہشت گردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ضلع سری نگر میں جعلی مقابلے کے دوران 3 کشمیری نوجوانوں کو شہید کر کے ان میں سے 2 کو ہلاک قرار دے دیا

سرینگر (صباح نیوز) بھارتی پارلیمنٹ میں بھارتی آرمی چیف سندیپ پربھاکر کا آغاز ہونے کی بھارتی فوج نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں ریاستی دہشت گردی کی مظاہرہ کرتے ہوئے ضلع سری نگر میں جعلی مقابلے کے دوران 3 کشمیری نوجوانوں کو شہید کر کے ان میں سے 2 کو ہلاک قرار دے دیا۔ بھارتی فوج پولیس اور سینٹرل ریزرو پولیس فورس (سی آر پی ایف) نے ضلع سری نگر کے بٹے واٹی گاؤں میں مشترکہ سرچ آپریشن کیا۔(بقیہ 3 صفحہ 03)

سرینگر کے (پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوج کی فورسز کی طرف سے معصوم کشمیری نوجوانوں کو دہشت و تشدد کا نشانہ بنایا ہے۔ بھارتی (بقیہ 2 صفحہ 03)

دوران سرینگر کے ایک پہاڑی علاقے میں بھارتی فوجیوں نے خاندان پر ظلم کر کے نوجوانوں کو دہشت و تشدد کا نشانہ بنایا ہے۔ بھارتی (بقیہ 2 صفحہ 03)

تصویر: وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر چوہدری انوار الحق سیدھرن فیلیشیل سے خطاب کر رہے ہیں

ملک میں پھر بارشوں کی دوبارہ پیشگوئی، ہائی الرٹ جاری

آج شام سے بیشتر اضلاع میں مون سون کے پانچویں اسپیل، ندی نالوں میں شدید طغیانی کا بھی خطرہ

مون سون بارشوں کا پانچواں سلسلہ 31 جولائی تک جاری رہے گا، عوام سے حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل

اسلام آباد (صباح نیوز) ملک میں کل بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے، پنجاب، کے پی، گلگت بلتستان اور کشمیر میں موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ رائج کے مطابق موسلا دھار بارشوں کے پیش نظر این ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کر دیا۔ شدید بارشوں سے ندی نالوں میں طغیانی کا خطرہ ہے۔ ادھر ہفتے میں آج شام سے صوبے کے بیشتر اضلاع میں مون سون کے پانچویں اسپیل کی پیش گوئی کر دی گئی۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق مون سون بارشوں کا پانچواں سلسلہ 31 جولائی تک جاری رہے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بارشوں کا یہ

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

تعلیمی اداروں کو شاندار نتائج پر ڈی ای او پونچھ بابر ایاز کی مبارکباد

گورنمنٹ کے ادارہ جات انتہائی کامیابی کیساتھ ترقی کی جانب گامزن ہیں، مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے

تمام تعلیمی اداروں سے گزارش کی کہ وہ آنے والے امتحانات کے لیے بھی ابھی سے تیاری کا آغاز کریں، پیغام

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ضلع پونچھ کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ڈی ای او) بابر ایاز نے مڈل کے حالیہ امتحانات (سیشن 2024-2025) میں سرکاری تعلیمی اداروں کی شاندار کارکردگی پر تمام طلبہ و طالبات، والدین، اساتذہ اور محنتی تعلیمی اداروں کے صدر معلمین و معلمات اور پرنسپلز کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مڈل کے نتائج اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ سرکاری تعلیمی ادارے بہتری کی طرف گامزن ہیں، اور طلبہ و طالبات کی محنت، اساتذہ کی لگن اور والدین کے تعاون کے باعث نمایاں کامیابیاں (بقیہ 01 صفحہ 03)

چناری، خونخوار تیندوے کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا

تیندوے نے ایک بچی کو ہلاک اور لڑکے کو زخمی کیا تھا، ایس پی

چناری (صباح نیوز) علاقے میں تیسری آبادی میں گھس کر بچی کو ہلاک اور لڑکے کو زخمی کرنے والے تیندوے کو ہلاک کر کے ہلاک کر دیا گیا، ایس پی ہیڈکوارٹر زاہد کے مطابق وادی چناری کے دور دراز گاؤں کنٹی میں پیش آنے والے واقعہ میں تیندوے کی موجودگی کی اطلاع ملنے پر محکمہ جات جنگلی حیات کی ٹیم نے علاقہ کو گھیرے میں لیا اور تیندوے کو ہلاک کر دیا گیا۔

بقیہ 1

جاہل ہیں۔ ڈی ایم جاوید اور ڈی سی عاصم ظفر کے لیے یہ موقع تھا وقار قرار دیا ہوتا۔ ہم اپنے ہاں کی طرف دیکھیں تو ہمارے ہاں کوئی ایسا کام کرنے کی کوشش ہوتی ہے تو وہ ذمہ داری کو تقسیم کر دیتا ہے۔ ڈی سی صاحب اور ڈی ایم جاوید کو چاہیے کہ وہ ذمہ داری کو تقسیم کریں۔ ڈی سی صاحب کو چاہیے کہ وہ ڈی ایم جاوید کو ذمہ داری دیں۔ ڈی ایم جاوید کو چاہیے کہ وہ ڈی سی صاحب کو تعلیمی معاملات کی

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
@www.dailydhartiajk.com Mdailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

عافیہ صدیقی قومی وقار اور ریاستی ذمہ داری کا امتحان

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار کنیڈیارک میں پاکستانی کمیونٹی سے خطاب نہ صرف حکومت کے معاشی اور سفارتی دعووں کی جھلک پیش کرتا ہے، بلکہ ایک بار پھر قوم کی ایک انتہائی حساس اور جذباتی مسئلے — ڈاکٹر عافیہ صدیقی — کو اجاگر کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "کوئی غلط فہمی نہ رہے، عافیہ صدیقی پاکستان کی بیٹی ہے"، اور اس کی رہائی کے لیے سرتوڑ کوششیں کی گئی ہیں، آئندہ بھی کی جائیں گی۔ یہ بیان قومی جذبات کی ترجمانی ضرور کرتا ہے، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا حکومتِ پاکستان نے اس مسئلے کو واقعی اتنی سنجیدگی سے لیا جس کی یہ مستحق تھی؟ یا یہ صرف روایتی دعووں، بیانات اور وقتی تسلیوں کا ایک تسلسل ہے؟ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی قید کو ڈیڑھ دہائی سے زائد کا عرصہ ہو چکا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ، باہمت اور باوقار پاکستانی خاتون، جن کی گرفتاری، حوالگی اور سزا کے گرد سوالات کے انبار ہیں، آج بھی امریکی جیل میں انصاف کی منتظر ہے۔ ان کے ساتھ کیا جانے والا سلوک صرف ایک فرد کا مسئلہ نہیں، یہ پاکستان کے قومی وقار، انسانی حقوق کے احترام اور ریاستی خودمختاری کا سوال ہے۔ اسحٰق ڈار کی جانب سے عافیہ صدیقی کو "پاکستان کی بیٹی" قرار دینا جذباتی طور پر درست ہے، مگر کیا ہماری ریاست نے ایک بیٹی کے لیے وہ سفارتی دباؤ، بین الاقوامی قانونی راستے اور پبلک ڈپلومیسی کے ذرائع استعمال کیے جو امریکہ جیسے طاقتور ملک سے کسی پاکستانی شہری کی رہائی کے لیے کیے جانے چاہیے تھے؟ اگر موازنہ کیا جائے تو دنیا بھر میں اقوام اپنی شہریوں کے لیے غیر معمولی اقدامات کرتی نظر آتی ہیں، چاہے وہ فوجی ہوں، صحافی ہوں یا عام مسافر۔ ہم نے کیا کیا؟

اسحٰق ڈار کا یہ کہنا کہ امریکہ کے ساتھ تعلقات کو پاک چین دوستی کے تناظر میں نہ دیکھا جائے، دراصل اس بات کا اظہار ہے کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ تعلقات کو ایک نیا توازن دینا چاہتا ہے۔ اگر واقعی حکومت پاکستان امریکہ کے ساتھ "دوستانہ ماحول" میں تعلقات کو بہتر بنا رہی ہے تو عافیہ صدیقی کی رہائی اس کا سب سے واضح اور ٹھوس امتحان ہے۔ صرف بیانات نہیں، عملی اقدامات ہی ریاستی سنجیدگی کا معیار ہوتے ہیں۔ یہ بات بھی قابلِ توجہ ہے کہ حکومت پاکستان اس موقع پر اپنے معاشی کارنامے بھی گنواتی ہے — جیسے جی ڈی پی میں بہتری، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ، اور عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے سراہا جانا — جو خوش آئند ضرور ہے۔ مگر ایک مہذب ریاست کی پہچان صرف معیشت یا ترقی نہیں بلکہ اپنے کمزور شہریوں کے تحفظ، اور ان کے ساتھ انصاف کے لیے کی جانے والی جدوجہد سے ہوتی ہے۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی ایک ایسا معاملہ ہے جو صرف قوم کی بیٹی کی رہائی کا نہیں بلکہ ریاستِ پاکستان کی ساکھ، کردار اور خودداری کا سوال ہے۔ ہمیں یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ عوام کے جذبات، نوجوان نسل کی سوچ اور ملک کی بین الاقوامی ساکھ اس نوعیت کے حساس معاملات سے جڑی ہوتی ہے۔ اگر حکومت واقعی اس مسئلے پر سنجیدہ ہے تو اسے محض بیانات کے بجائے، اقوام متحدہ، انسانی حقوق کے عالمی اداروں اور سفارتی ذرائع کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے عالمی رائے عامہ کو ہموار کرنا ہوگا۔ عافیہ صدیقی صرف ایک فرد نہیں بلکہ پاکستان کی بیٹی، قومی غیرت، اور ریاستی خودمختاری کی علامت ہے۔ حکومت کو اس معاملے پر صرف الفاظ سے زیادہ عمل سے ثابت کرنا ہوگا کہ وہ اپنی بیٹی کے لیے واقعی سرتوڑ کوشش کر رہی ہے جب تک وہ واپس وطن نہ آ جائے۔

سوات تعلیمی بورڈ کا میٹرک کے سالانہ نتائج کا اعلان

طالبہ کشمالہ حبیب کی پہلی، طلبہ ازلان علی شاہ دوسری پوزیشن کا حصول

سوات (صباح نیوز) ہوا کے اوقاف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشنل ایکسچینج سید شریف سوات نے میٹرک سالانہ امتحانات 2025 کے نتائج کا اعلان کر دیا جس میں طلبہ و طالبات نے مجموعی طور پر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ سائنس گروپ میں طالبہ کشمالہ حبیب نے پہلی، گلیکسی ہائی سکول کے سوات کے دو طلبہ دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی، جنرل گروپ (آرٹس) کی تین پوزیشنز طالبات نے حاصل کیں۔ ماہ ست خم کے سائنس گروپ میں 43985 طلبہ و طالبات شریک ہوئے، جن میں سے 20664 طلبہ نے کامیاب قرار پائے اور کامیابی کی شرح 46.89 فیصد رہی۔ جنرل گروپ میں 5306 طلبہ و طالبات نے امتحان دیا، جن میں 2 کامیاب ہونے والوں کی تعداد صرف 803 رہی اور نتیجہ 15.13 فیصد رہا۔ یوں ماہ ست خم کا مجموعی نتیجہ 43.55 فیصد رہا، جبکہ کل 49291 طلبہ و طالبات نے امتحان میں حصہ لیا۔ ماہ ست خم کے سائنس گروپ میں 43380 طلبہ و طالبات میں سے 34376 کامیاب قرار پائے اور نتیجہ 79.24 فیصد رہا۔ جنرل گروپ میں 4348 طلبہ و طالبات شریک ہوئے، جن میں سے 1989 نے کامیابی حاصل کی اور نتیجہ 45.75 فیصد رہا۔ اس طرح ماہ ست خم کے کل 47728 امیدواروں میں سے 36365 کامیاب قرار پائے اور مجموعی کامیابی کی شرح 76.19 فیصد رہی۔ پوزیشن ہولڈرز میں سائنس گروپ کی طالبہ کشمالہ حبیب، نصر حبیب اللہ، سائن کالج بنگلہ سوات، اظہر الحق کیمبرج انسٹیٹیوٹ کی طالبہ نے دوسرا رول نمبر 234277 کے ساتھ 1177 نمبرات حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ دوسری پوزیشن گیٹ کالج سوات کے طالبعلم ازلان علی شاہ ولد شاہ دوران رول نمبر 241074 کے 1175 نمبرات کے ساتھ جبکہ تیسری پوزیشن اسی ادارے کے طالبعلم احمد زیب ابھر ولد حاتم زیب رول نمبر 241100 نے 1172 نمبرات کے ساتھ حاصل کی۔

☆☆☆☆

مظفر آباد، محسن نقوی کی شہید میجر رب نواز کی رہائش گاہ آمد

شہید کے والد، بھائی اور دیگر اہل خانہ سے ملاقات اور اظہار تعزیت

اسلام آباد (صباح نیوز) کاظم نیر وزیر اعظم محسن نقوی نے اتوار کو مظفر آباد میں شہید میجر رب نواز کی رہائش گاہ پر گئے۔ وزیر اعظم محسن نقوی نے شہید میجر رب نواز کے والد، بھائی اور دیگر اہل خانہ سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات محسن نقوی نے میجر رب نواز کی شہادت پر اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہید میجر رب نواز کی وطن اور ریاست کی بلندی کے لئے دیا گئی بے مثال قربانی اور عظیم کردار کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہید میجر رب نواز کے والد اور بھائی کے حوصلے اور جذبے کو سراہا۔ وزیر اطلاعات محسن نقوی نے کہا کہ ہمیں شہید میجر رب نواز کی بہادری اور قربانی پر فخر ہے۔ شہید میجر رب نواز کی قربانی ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات محسن نقوی نے شہید میجر رب نواز کی بہادری اور قربانی کو خراج تحسین پیش کیا اور شہید میجر رب نواز کے والد اور بھائی کے حوصلے اور جذبے کو سراہا۔ وزیر اطلاعات محسن نقوی نے کہا کہ ہمیں شہید میجر رب نواز کی بہادری اور قربانی پر فخر ہے۔ شہید میجر رب نواز کی قربانی ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔

آزاد کشمیر پولیس بنام انوار سرکار

آزاد کشمیر کی تاریخ میں شاید پہلی بار وزیر اعظم انوار الحق کی گورنمنٹ کے سامنے 21 جولائی 2025 کو یہ واقعہ رونما ہوا کہ ایک محکمہ پولیس کے ملازمین نے باوردی ہو کر اپنا مشاہرہ مد الاؤنسز بڑھانے کے مطالبات منظور کرنے کے حق میں ہڑتال کر ڈالی۔ آزاد کشمیر پولیس کی کل نفری کتنی ہے تو خزانہ ہے۔ اس نفری میں ایک ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس لگ بھگ ایک درجن ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس، 25-30 کے قریب SSPs، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، DSPs، انسپکٹرز، سب انسپکٹرز، اسسٹنٹ سب انسپکٹرز، ہیڈ کنسٹیبلز اور کانسٹیبل شامل ہیں۔ اس محکمہ میں سب سے بڑی تعداد کانسٹیبلز اور ہیڈ کانسٹیبلز کی ہے، ہر آزاد کشمیر پولیس میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ شعبہ پولیس کی قدامت دو کیڈر پر مشتمل ہے۔

ایس ایس ایس کیڈر اور رینکر کیڈر، آزاد کشمیر پبلک سروس کمیشن کا امتحان پاس کرنے والے امیدواران بطور ASP (گریڈ 17) میں براہ راست بھرتی ہوتے ہیں۔ جبکہ رینکر کیڈر میں امیدواران بطور کانسٹیبل اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر بھرتی ہوتے ہیں۔ دوران سروس ترقی کرتے کرتے رینکر انسپکٹر جنرل پولیس کے رینک تک پہنچ پاتے ہیں۔ آزاد کشمیر پولیس میں اعلیٰ آفیسران کی مراعات اعلیٰ درجہ کی ہیں۔ جبکہ نچلے رینک کے اہلکاران جن میں کانسٹیبل سے سب انسپکٹر تک کے اہلکاران شامل ہوتے ہیں کی مراعات محض واجبی سی ہیں۔ دونوں کیڈرز کے سب ہی معاملات اسی درجہ بندی سے ہیں۔ آزاد کشمیر پولیس کے ملازمین کو ایک شاندار سرکاری گھر، ملازم، گاڑیاں اور ڈرائیور ہر وقت دستیاب ہوتے ہیں۔ جبکہ رینکر کیڈر میں سب انکوئیریٹ کانسٹیبل، ہیڈ کانسٹیبل، ASIs اور سب انسپکٹر کی ہوتی ہے۔ ان کے لئے سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ آزاد کشمیر پولیس کی سب سے بڑی ذمہ داری کورائم کنٹرول کرنا ہے۔ جرائم پیشہ عناصر سے نمٹنے کے لئے کانسٹیبلز سے سب انسپکٹر تک کے اہلکاروں کی سب سے زیادہ قربانی دینا پڑتی ہے۔ آزاد کشمیر پولیس کے ان اہلکاروں کو بنیادی مشاہرہ کے ساتھ ماہانہ ناٹھن الاؤنس -/2000 روپے، کرایہ مکان -/2579 روپے، میڈیکل الاؤنس -/1500 روپے، بجلی واشنگ الاؤنس -/150 روپے دیا جاتا ہے۔ آج کے دور میں یہ رقم اونٹ کے منہ میں زیرہ دینے کے مترادف ہے۔ اس رقم میں ان ملازمین کو روزمرہ کی ضروریات، مکان کا کرایہ، علاج معالجہ، خوراک، ٹرانسپورٹ، متفرق بلات کی ادائیگیاں، روزانہ کا سفر خرچ، بچوں کی تعلیم اور دیگر اخراجات پورے کرنا ہوتے ہیں۔ جبکہ ان اہلکاروں کے ذمہ مقدمات کا اندراج، تفتیش کی مکمل عمل کرنے پر عدالت میں چالان پیش کرنا اور بطور گواہان ہر دنوں میں حاضر ہونا ہوتا ہے۔ تفتیش کے دوران استعمال ہونے والی اسٹیشنری، ملزمان کی تلاش، دیگر اور لینے والا اخراجات بھی انہیں خود ہی برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ عدالت ازیں چلیے، جلسوں کا کنٹرول کرنا، آئے ہوئی اور اچانک حادثات کی صورت میں جانے حادثہ پر پہنچ کر ریسکیو کی خدمات سرانجام دینے کے علاوہ VVIPs کو پروٹوکول اور سکیورٹی دینا، مظاہرے اور احتجاج کی صورت میں ہڑتال کرنے والوں کو کنٹرول کرنا، ہڑتال کے دوران سول انتظامیہ کی مدد کرنا، ہر طرح کی ایمرجنسی کی صورت میں ڈیوٹی دین